سوال

(172) منگنی کی انگوٹھی

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

منگنی کرنے والے مرد کے دائیں ہاتھ اور منگیتر کے بائیں ہاتھ میں یہ جو انگوٹھی (چھلا) پہنائی جاتی ہے ، اس کے بارے میں کیا حکم ہے ، یاد رہے یہ سونے کی بنی ہوئی نہیں ہوتی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعت میں اس عمل کا کوئی ثبوت نہیں ہے لہٰذا افضل یہی ہے کہ اسے ترک کر دیا جائے خواہ یہ چاندی کی انگوٹھی ہو یا کسی اور چیز کی اور اگر یہ سونے کی بنی ہوئی ہو تو پھر یہ مرد کے لئے حرام ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے مردوں کو سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب النکاح : جلد 3 صفحہ 147

محدث فتویٰ